تبویب:

- یہ مقالہ پانچ ابواب اور اکیس فصول پر مشتمل ہے۔باب اول میں علامہ عبد الرزاق بھترالوی کا خاندان، ولادت، حصول تعلیم، تدریسی، تصنیفی، دعوتی خدمات، آپ کے قلم سے معرض وجود میں آنے والی درسی کتب کے حواشی اور شروحات کے علاوہ تفسیر نجوم الفرقان کا تعارف اور اس سے متعلق علماء کی آراء کو بیان کیا گیا ہے۔
- دوسرے باب میں تفسیر نجوم الفرقان کے ماخذ و مصادر جیسا کہ معاجم ولغات، کتب تفاسیر، کتب احادیث وعلوم القرآن، کتب فقہ وسیرت النبی اور کتب اصول فقہ کا جائزہ لیا گیا ہے۔
- باب سوم نجوم الفرقان کے تفسیری منہج و اسلوب کا احاطہ کرتا ہے۔اس باب میں نجوم الفرقان میں دیئے گئے ترجمہ قرآن، اس کے اصول تفسیر، صاحب نجوم الفرقان کا منہج تفسیر اور مقاصد تفسیر کا مطالعہ کیا گیا ہے۔
- باب چہارم نجوم الفرقان کی کلامی، فقہی، صوفیانہ اور تقابل ادیان کی مباحث پر مشتمل ہے۔
- اس مقالے کا پانچواں اور آخری باب نجوم الفرقان کے معاصر اردو تفاسیر سے تقابلی جائزے پر مشتمل ہے۔شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کی تفسیر عزیزی، مولانا اشرف علی تھانوی کی بیان القرآن، مفتی محمد شفیع کی معارف القرآن، سید مودودی کی تفہیم القرآن، مولانا امین احسن اصلاحی کی تدبر قرآن، مولانا عبد الرحمٰن کیلانی کی تیسیر القرآن اور علامہ غلام رسول سعیدی کی تبیان القرآن، وہ تفاسیر ہیں جن کے مندرجات کے ساتھ نجوم الفرقان من تفسیر آیات القرآن کا تقابل کرکے نتائج بحث کو پیش کیا گیا ہے۔